**26.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

………………………………

☆ جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارش کے سبب سیلاب اور چٹّانوں کے ٹکرے گرنے سے 10افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ پنجاب میں بھی صورتحال سنگین ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کلیدی شراکت داری کو مستحکم کرنے کی خاطر جمعرات سے جاپان اور چین کے دورے پر رہیں گے۔

☆ وزیر اعظم مودی نے ریاستوں پر زور دیا ہے کہ وہ2047 تک وکست بھارت کی تشکیل کیلئے جامع کوششیں کریں۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جدید طرز کے بحری جہازوں INS-Udaygiri اور INS-Himgiri کو بھارتی بحریہ میں شامل کیا ہے۔ انہوں نے اِسے میک اِن انڈیا اور آتم نربھر بھارت اقدامات کی کامیابی قرار دیا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں آبادی کی تبدیلیوں کا ملک کی سیکیورٹی پر براہ راست اثر ہوتا ہے۔

☆ اور... شوٹنگ میں قزاخستان میں ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں خواتین کے 50میٹر رائفل– تین پوزیشن مقابلے میں بھارت کی Sift Kaur Samra، انفرادی طور پر سونے کا تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی نشانے باز بن گئی ہیں۔

………………………………

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**J&K Rainfall**

جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارش کے سبب گزشتہ چوبیس گھنٹے میں جموں ڈویژن میں سیلاب سے متعلق ہنگامی صورتحال پیدا ہوگئی ہے اور کم از کم 10افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ ماتا ویشنو دیوی کی یاترا معطل کر دی گئی ہے۔ شدید بارش کی وجہ سے اِس یاترا کے راستے پر Trikuta کی اونچی پہاڑیوں سے چٹانوں کے ٹکرے گرنے کے سبب 6افراد ہلاک اور دیگر 18 زخمی ہوئے ہیں۔ ڈوڈا ضلع میں بھی 4افراد کی جان گئیں۔ جموں خطے کے کچھ علاقوں

میں بجلی کی سپلائی اور انٹرنیٹ خدمات کے منقطع ہونے کی خبر ہے۔ ہنگامی خدمات کو چھوڑ کر کل سبھی سرکاری دفاتر بند رہیں گے۔ اس دوران متاثرہ اضلاع میں بچاؤ کارروائیوں اور سیلاب سے متعلق تحفظاتی اقدامات میں مصروف سرکاری اہلکاروں کی چھٹی منسوخ کر دی گئی ہے۔ مختلف نشیبی علاقے سیلاب کے پانی میں غرق آب ہیں اور زیادہ تر دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے صورتحال کو سنگین قرار دیا ہے اور ڈپٹی کمشنروں کو ہنگامی فنڈ دیئے ہیں۔ سرینگر میں سیلاب کی صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ ہوئی تھی، جس میں سخت چوکسی برتنے اور فوری کارروائی کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ موسمیات کے محکمے نے مزید بارش کی پیشگوئی کی ہے، جس سے تشویش میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اسکولی تعلیم سے متعلق جموں و کشمیر بورڈ نے کل ہونے والے 10ویں 11ویں جماعت کے امتحانات ملتوی کر دیئے ہیں۔ حکام نے ہیلپ لائن نمبر جاری کیے ہیں۔

جموں کیلئے نمبر ہے: صفر ایک نو ایک، دو پانچ سات، ایک چھ ایک چھ،
سامبا کیلئے: صفر ایک نو دو، تین دو، چار ایک، صفر صفر چار
کٹھوعہ کیلئے: صفر ایک نو دو، دو دو، تین آٹھ، سات نو چھ
ڈوڈا کیلئے: نو پانچ نو چھ، سات سات، چھ دو صفر، چار تین
اور کشتواڑ کیلئے: نو چار آٹھ چار، دو ایک، سات چار نو دو

## VC J&K Rainfall

ماتا ویشنو دیوی مندر کی یاترا کے راستے میں چٹانیں کھسکنے سے 6 لوگوں کی موت اور 18 لوگوں کے زخمی ہونے کے بعد پہاڑی کے سب سے اونچے مقام Trikuta کے راستے پر یاترا معطل کر دی گئی تھی۔ چٹانیں کھسکنے کے مقام Adhkwari پر اندر پرستھ بھوجنالیہ کے قریب بچاؤ کارروائیں جاری ہیں۔ ڈوڈا ضلع میں گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران شدید بارش کی وجہ سے کم از کم چار لوگوں کی جان چلی گئی اور املاک کو بڑے پر نقصان پہنچا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ جموں کے مختلف حصوں میں صورتحال کافی سنگین تھی اور بحالی کے ہنگامی اقدامات اور اس سے متعلق کاموں کیلئے ڈپٹی کمشنروں کو اضافی فنڈز جاری کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

جموں سے گلشن رَینا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ضمیر رضوی

## Punjab Floods

پنجاب میں بھی پچھلے دو دن تک لگاتار بارش اور دریاؤں میں طغیانی کے سبب، ریاست میں الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ دریاؤں میں طغیانی کی وجہ سے فاضلکا، فیروزپور، کپورتھلہ، ہوشیارپور، گُرداس پور اور پٹھان کوٹ کے بہت سے علاقوں میں پانی بھر گیا ہے، جس کے سبب معمول کی زندگی میں رُکاوٹ آ گئی ہے اور کھڑی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔۔۔۔۔۔۔۔

VC Rajesh Bali

فوج، BSF اور NDRF، گُرداس پور، پٹھان کوٹ، ہوشیارپور اور کپورتھلہ میں پانی میں ڈوبے ہوئے گاؤوں میں بچاؤ کا کام انجام دے رہی ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں لوگوں اور مویشیوں کیلئے شیلٹر ہوم قائم کئے گئے ہیں، جن میں طبی ٹیموں سمیت سبھی ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ ریاست میں بھاکھڑا، رنجیت ساگر ڈیم اور حسینی والا آبی ذخائر کو، کوئی نقصان نہ پہنچے، اِس کیلئے اِن ذخائر سے اضافی پانی چھوڑے جانے کے سبب، سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔محکمہ موسمیات نے ریاست میں کل کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے موجودہ صورتحال کے پیش نظر پنجاب میں سبھی اسکولوں کی 27سے 30اگست تک چھٹیوں کا اعلان کردیا ہے۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی حصوں میں اگلے چار سے پانچ دنوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کل چھتیس گڑھ، مہاراشٹر اور اوڈیشہ کے دور دراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔IMD نے کہا کہ ملک کے شمال اور شمال مغربی حصہ، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، آندھرا پردیش کے ساحلی علاقوں، راجستھان، کرناٹک، کیرالہ اور ماہے، کونکن اور گوا میں کل شدید بارش کی صورتحال برقرار رہے گی۔اس دوران محکمۂ موسمیات نے دلّی–این سی آر کے کئی حصوں میں اگلے کچھ گھنٹوں میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ x

## Rev Modi Japan Visit

وزیر اعظم نریندر مودی، جمعرات سے جاپان اور چین کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ وزیر اعظم مودی، اِس مہینے کی 29اور 30تاریخ کو جاپان کے اپنے دورے کے دوران 15ویں بھارت–جاپان سالانہ چوٹی کانفرنس میں حصہ لیں گے جس میں اُن کے جاپانی ہم منصب Shigeru Ishiba بھی شرکت کریں گے۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم مودی کے جاپان دورے سےمتعلق تفصیلات بتائیں۔

S/B: Vikram Misri- PM Visit 26 secs

وزیر اعظم مودی چین میں شنگھائی تعاون تنظیم، SCO کے سربراہانِ مملکت کی 25ویں میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ یہ میٹنگ 31اگست اور یکم ستمبر کو Tianjin میں ہوگی۔وزارت خارجہ میں مغربی ملکوں کے امور سے متعلق سکریٹری تنمئے لال نے میڈیا کو وزیر اعظم کے چین دورے سےمتعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ x

## Rev. PM Gujarat Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارت کے، میک اِن انڈیا سفر میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو رہا ہے، جو میک اِن انڈیا اور میک فار دی ورلڈ کے، ملک کے مقصد کے حصول میں ایک اہم دن ہے۔

گجرات میں TDS Lithium-Ion بیٹری پلانٹ میں ہائی برڈ بیٹری الیکٹروڈز تیار کئے جانے کے کام کا

افتتاح کرنے کے بعد وزیر اعظم نے کہا کہ اِس موقعے سے بھارت اور جاپان کے درمیان دوستی کو بھی ایک نیا پہلو حاصل ہوا ہے۔

S/B PM Make in India

جناب مودی نے کہا کہ اِس کامیابی سے بھارت کی سبھی ریاستوں کو تحریک مل رہی ہے اور ریاستوں میں اصلاحات اور سرمایہ کاری سے متعلق ایک صحت مند مسابقتی رجحان پیدا ہوا ہے جس سے پورے ملک کو فائدہ ہو رہا ہے۔وزیر اعظم نے ریاستوں سے زور دے کر کہا کہ وہ سرگرم ترقیاتی پالیسیوں اور اصلاحات سے متعلق ایسی تجاویز پیش کریں، جن کی بنیاد پر کاروبار کو مزید آسان بنایا جاسکے تاکہ عالمی سطح پر سرمایہ کاروں کو راغب کیا جائے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت کے پاس جمہوریت کی طاقت آبادی کی خاصیت اور ہنرمند لوگوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔

S/B PM M Suzuki

### Rev. India Navy Udaygiri Himgiri

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھارتی بحریہ کے، پیش پیش رہنے والے جدید ترین جنگی جہازوں I N S Udaygiri اور INS Himgiri کو کام کاج میں شامل کیا ہے۔ یہ تقریب آج دوپہر وشاکھاپٹنم میں مشرقی بحری کمان میں منعقد کی گئی۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اِن دو جہازوں کو کام کاج میں شامل کرنے سے مرکزی حکومت کے، میک اِن انڈیا اور آتم نربھر بھارت کے اقدامات کی کامیابی ظاہر ہوتی ہے۔

S/B 2100 Rajnath Indian Navy

### CDS Ran Samvad

دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے کہا ہے کہ بھارت کا اپنا آئرن ڈوم ''سُدرشن چکر''، تلوار اور ڈھال دونوں کے طور پر کام کرتے ہوئے ملک کی اسٹریٹجک، شہری اور قومی اہمیت کی حامل تنصیبات کی حفاظت کرے گا۔ مدھیہ پردیش کے آرمی وار کالج میں دفاعی افواج کی تینوں شاخوں کے جنگ، جنگی حربوں اور جنگی لڑائی سے متعلق دو روزہ مذاکرے 'رن سمواد 2025' سے آج خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔

S/B: CDS- Ran Samvad-21 Secs

جنرل چوہان نے کہا کہ آپریشن سندور ایک نئے زمانے کی لڑائی تھی، جس سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ اِن میں سے بہت سے اقدامات پہلے ہی نافذ کر دیئے گئے ہیں، جبکہ دیگر کو نافذ کیا جا رہا ہے۔ x

### Shah Vibrant Vilage

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں آبادی کے لحاظ سے تبدیلی کا ملک کی سیکیورٹی اور اُس کی سرحدوں پر براہ راست اثر ہوتا ہے۔ آج نئی دلّی میں درخشاں گاؤوں سے متعلق پروگرام کی دو

روزہ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی گاؤوں سے مائیگریشن کی روک تھام اور اِس اسکیم کے فائدے کی 100 فیصد حصولیابی کیلئے مودی حکومت کی جانب سے درخشاں گاؤوں سے متعلق پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا۔

وزیر موصوف نے کہا کہ درخشاں گاؤوں سے متعلق پروگرام سے بنیادی ڈھانچے کو فروغ مل رہا ہے، جس سے روزگار کے مواقع بڑھ رہے ہیں اور سرحدی گاؤوں میں ثقافت اور سیاحت کا تحفظ ممکن ہو پا رہا ہے اور اُسے فروغ حاصل ہو رہا ہے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اروناچل پردیش میں درخشاں گاؤوں سے متعلق پروگرام کے نفاذ کے بعد کئی سرحدی گاؤوں میں آبادی میں اضافہ ہوا ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ درخشاں گاؤوں سے متعلق پروگرام، تین اہم نکات پر مبنی ہے۔ اِن میں سرحدی گاؤوں سے مائیگریشن کی روک تھام، مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی اسکیموں کا سرحدی گاؤوں کے ہر شہری کو صد فیصد فائدہ پہنچے، اِسے یقینی بنانا اور گاؤوں کو سرحد اور قومی سیکیورٹی کو مستحکم کرنے کیلئے مضبوط بنانا شامل ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ کچھ برس میں درخشاں گاؤوں سے متعلق پروگرام کے تحت شروعات میں جن گاؤوں کی نشاندہی کی گئی ہے، وہ ہمارے ملک اور اُس کی سرحدوں کی سلامتی میں انتہائی اہم ثابت ہوں گے۔ x

## Govt Wheat Stock Limit

حکومت نے خوراک کو سب کیلئے یقینی بنانے کیلئے اور اِس کی ذخیرہ اندوزی، نیز قیاس آرائیوں سے نمٹنے کے مقصد سے گیہوں کو ذخیرہ کرنے کی حد مقرر کردی ہے۔ تاجروں اور تھوک بیوپاریوں کیلئے ذخیرے کی اِس حد میں کمی کرکے 2 ہزار میٹرک ٹن کردی ہے، جبکہ ابھی تک یہ حد تین ہزار میٹرک ٹن تھی۔ خردہ فروشوں کیلئے ذخیرے کی یہ حد آٹھ میٹرک ٹن ہوگی۔ وزارت نے گیہوں ذخیرہ کرنے والی سبھی کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ ہر جمعہ کو، گیہوں کے ذخیرے سے متعلق پورٹل پر اپنے ذخیرے کی تفصیلات بتائیں۔x

## Trump Fed Governor

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فڈرل ریزرو گورنر لیزا کُک کو اُن کے عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ انھوں نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth سوشل پر پوسٹ کئے گئے ایک خط میں یہ اعلان کیا ہے۔

ٹرمپ نے گورنر لیزا کو عہدے سے ہٹائے جانے کی وجہ ابتدائی طور پر یہ بتائی ہے کہ اُن پر رہن سے متعلق دھوکہ دہی کے الزامات ہیں۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق کُک کے خلاف، ٹرمپ اور اُن کی انتظامیہ کے ارکان نے اِن الزامات کے تحت حال ہی میں تفتیش شروع کی تھی۔

انصاف کے محکمے نے کہا ہے کہ وہ اُن دعووں کی تحقیقات کرے گا جو ابتدائی طور پر فڈرل ہاؤسنگ فائنانس ایجنسی کے ڈائرکٹر Bill Pulte نے کئے تھے۔ ٹرمپ نے یہ قدم، کُک کی طرف سے یہ کہے جانے کے چند دن بعد اٹھایا ہے کہ وہ 7 رُکنی فیڈرل بورڈ سے اپنا استعفیٰ نہیں دیں گی۔ اگرچہ صدر ٹرمپ کی طرف سے اُن پر استعفیٰ دیئے جانے کیلئے دباؤ بڑھتا جارہا ہے۔x

## Sports Shooting

آج قزاخستان کے Shymkent میں سولہویں ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں خواتین کے 50میٹر رائفل–تین پوزیشن مقابلے میں بھارت کی اولمپین Sift Kaur Samra نے انفرادی سونے کا تمغہ جیتا۔ Sift، 459اعشاریہ دو پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست رہیں۔ اُن کے بعد چین کی Yujie Yang نے 458اعشاریہ آٹھ اور جاپان کی Misaki Nobata، 448 اعشاریہ دو پوائنٹس حاصل کیے۔ ایک اور بھارتی نشانے باز Ashi Chouksey، 402 اعشاریہ آٹھ پوائنٹس کے ساتھ ساتویں مقام پر رہیں۔ x

## Hockey India Free Tickets

ہاکی انڈیا نے اعلان کیا ہے کہ بہار کے راجگیر میں مردوں کے ایشیا کپ 2025کے سبھی مقابلوں کیلئے داخلہ مفت ہوگا۔ یہ ٹورنامنٹ، نئے تعمیر شدہ راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں 29اگست سے 7ستمبر تک کھیلا جائے گا۔ آٹھ سرکردہ ایشیائی ٹیمیں اِس اہم ٹورنامنٹ میں مقابلہ کریں گی، جن میں بھارت، جاپان، چین، قزاخستان، ملیشیا، کوریا، بنگلہ دیش اور چینی تائپے شامل ہیں۔ یہ 2026کے FIH ہاکی عالمی کپ کی خاطر کوالیفائر بھی ہوگا۔ میزبان ملک بھارت، جاپان، چین اور قزاخستان کے ساتھ پول–A میں ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆